**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
**Central Secretariat**

**بلوچستان میں پر تشدد کارروایوں کے بارے میں پاکستان تحریک انصاف کا اعلامیہ 26 اگست 2024:**

پاکستان تحریک انصاف بلوچستان میں کل سے جاری پرتشدد واقعات کی شدید مذمت کرتی ہے۔ اور اس کے نتیجے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے غم اور دکھ کا اظہار کرتی ہے۔

اس سلسلے میں ان کارروایوں کے پیچھے چھپی طاقتوں کو بے نقاب کرنے کی اشد ضرورت ہے اور امید کی جاتی ہے کہ ریاست بغیر کسی ہیل و حجت کے نہ صرف انکو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دے گی بلکہ ان واقعات کے مکمل تدارک کیلئے ہر قسم کے اقدامات اٹھانے سے گریز نہیں کرے گی۔

اس کے ساتھ ساتھ پاکستان تحریک انصاف ان واقعات کے سلسلے میں انٹیلجنس ایجنسیز کی ناکامی کو تشویش کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور امید کرتی ہے کہ اس کی وجوہات کے بارے میں مکمل انکوائری کی جائے گی۔ اسی سلسلہ میں بلوچستان کی صوبائی حکومت اور مرکزی حکومت کی ناکامی کے اسباب جاننے کیلئے بھی مکمل انکوائری کی جائے گی۔

یہ پرتشدد کارروائیاں ریاست کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے ہوئی ہیں جس سے ملک میں امن و امان قائم رکھنے کے اقدامات بری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ریاست اپنی ترجیحات پر نئے سرے سے غور کرے اور ان کو ریاست کے مفاد کے مطابق ترتیب دیا جائے۔ جس میں بلوچستان کی عوام بشمول تمام قومیتوں کے حقوق کی پاسداری اور جان و مال کی حفاظت ایک مقدم فریضہ ہونا چاہیے۔ جس کی مکمل ضمانت آئین پاکستان بھی دیتا ہے۔ اس سلسلے میں پاکستان تحریک انصاف لسانیت اور فرقہ واریت کی بنیاد پر کسی بھی قسم کی تفریق اور تصادم کی پرزور مزمت کرتی ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ بین الصوبائی امن وامان کیلئے معاشرے کے تمام عناصر سے ایک ڈائیلاگ کا آغاز کیا جائے تاکہ پالیسیز کی از سرنو تشکیل کیلئے موثر اقدامات اٹھائے جا سکیں۔

پاکستان تحریک انصاف ان پرتشدد کارروایوں میں شہید ہونے والے لوگوں کے خاندانوں کے ساتھ اظہار ہمدردی کرتی ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

**منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ، پاکستان تحریک انصاف**

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk